سوال

(498) دائیں ہاتھ پر تسبیح پڑھنا افضل ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا تسبیح دایئں ہاتھ پر پڑھنا افضل ہے یا بایئں ہاتھ پر؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

افضل یہ ہے کہ تسبیح دایئں ہاتھ پر پڑھی جائے کیونکہ حدیث سے ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دایئں ہاتھ سے تسبیح پڑھا کرتے تھے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی اس حدیث کے عموم سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پسند تھی۔ جوتا پہننے۔ کنگھی کرنے وضو کرنے اور دیگر تمام امور میں دایئں طرف سے شروع کردیں۔ اس سلسلہ میں وارد احادیث کے پیش نظر دونوں ہاتھوں پر تسبیح پڑھنا بھی جائز ہے۔ (فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ: جلد1]

صفحہ نمبر 417

محدث فتویٰ